ٹرین میں آگ کی افواہ کے بعد مچی بھگدڑ، 4 ہلاک، کئی زخمی

دھنباد ریلوے ڈویزن کی طرف سے ہیلپ لائن جاری

لاتیہار (ایس این بی)

دھنباد ریل سب ڈویزن کے برواڈیہہ۔ برکاکانا ریل سیکشن کے کمنڈیہہ اسٹیشن پر جمعہ کی رات قریب آٹھ بجے ریل حادثہ میں چار لوگوں کی موت ہوگئی۔ وہیں درجنوں لوگوں کے زخمی ہونے کی بھی اطلاع ہے۔ واردات کے بعد ریلوے کے سنیئر افسر موقعہ واردات کی طرف روانہ ہوگئے ہیں۔ واردات کے بارے میں بتایا جاتا ہے کہ کمنڈیہہ اسٹیشن پر اپ لائن میں رانچی۔ سہسرام انٹرسٹی ایکسپریس کھڑی تھی۔ اسی دوران کسی نے افواہ پھیلادی کہ ٹرین میں آگ لگ گئی۔ جس سے وہاں افراتفری مچ گئی۔ ٹرین میں بیٹھے سواری ادھر ادھر بھاگنے لگے۔ اسی دوران ڈاؤن لائن سے ایک مال گاڑی گزر رہی تھی۔ جس کی زد میں آنے سے چار مسافروں کی موقع پر ہی موت ہوگئی۔ وہیں درجنوں لوگ زخمی ہوگئے۔ مہلوکین میں ایک عورت اور تین مرد شامل ہیں۔ اس واردات کے بارے میں جانکاری دیتے ہوئے دھنباد ریل ڈویزن کے چیف رابطہ افسر سرسوتی چندر دھنباد منڈل کے کمنڈیہہ اسٹیشن پر سہسرام انٹرسٹی ایکسپریس میں آگ لگنے کی افواہ سن کر ٹرین سے اترے ہوئے کچھ مسافر دوسری طرف سے آرہی مال گاڑی کی زد میں آگئے۔ مہلوکین کی تعداد کا پتہ لگایا جارہا ہے۔ یہ حادثہ لاتیہار ضلع کے کمنڈیہہ ریلوے اسٹیشن پر پیش آیا۔ رات کے 8 بجے یہاں رانچی۔ سہسرام انٹرسٹی ایکسپریس میں مسافروں نے افواہ پھیلادی کہ ٹرین میں آگ لگی ہے۔ آگ کی افواہ پھیلنے کے بعد وہاں بھگدڑ کی حالت پیدا ہوگئی۔ اس دوران کئی مسافر ٹرین سے کودنے لگے۔ بغل میں دوسری پٹری پر آرہی ٹرین کی زد میں آگئے اور جان گنوا بیٹھے۔ اس واردات میں اب تک چار لوگوں کی موت کی صدیق ہوچکی ہے۔ اس کے ساتھ ہی کئی دیگر زخمی ہوئے ہیں۔ زخمیوں کو اسپتال میں علاج کیا جارہا ہے۔ اس معاملے کی جانچ بھی کی جارہی ہے۔ دھنباد ڈویزن کے کمنڈیہہ اسٹیشن کی واردات سے متعلق جانکاری حاصل کرنے کے لیے ہیلپ لائن نمبر جاری کیا گیا ہے۔ کسی طرح کی جانکاری کے لیے ان انمبروں پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔ کامرشیل

کنٹرول دھنباد۔ 0326-2209880
، دھنباد اسٹیشن ۔8756997647
ڈالٹین گنج اسٹیشن ۔79091092320
۔ برواڈیہہ اسٹیشن 7485808559
۔ کمنڈیہہ اسٹیشن 7541813230
۔ گڑھوا روڈ اسٹیشن 7091092319

ٹریلر کی زد میں آکر 2 بائک سوار ہلاک، 1 زخمی

سمڈیگا (ایس این بی)

سمڈیگا میں ہفتہ کو بڑا حادثہ پیش آیا۔ اطلاع کے مطابق کولیبیرا تھانہ حلقہ کے این ایچ 143 پر ماں گایتری فیول سنٹر کے پاس ایک ٹریلر نے بائک سوار کو زوردار ٹکر ماردی جس سے بائک سوار دو لوگوں کی موت ہوگئی۔ جبکہ ایک شخص شدید طور پر زخمی ہوگیا۔

واردات کے متعلق بتایا جارہا ہے کہ ایک بائک سوار سمڈیگا کے کولیبیرا تھانہ حلقہ کے نوا ٹولی میں کسی کی آخری رسوم میں شامل ہونے جارہے تھے۔ اسی دوران راستے میں ماں گایتری فیول سنٹر پر پٹرول لینے کے لیے جیسے ہی مڑے مخالف سمت سے تیز رفتار سے آرہے ٹریلر نے بائک سوار کو زوردار ٹکر مادی۔ جس سے بائک سوار دو لوگوں کی موقع پر ہی موت ہوگئی جبکہ ایک شخص شدید طور طرز خمی ہوگیا۔ اس واردات کے بعد سیکڑوں لوگ موقع پر جمع ہوگئے۔ گاؤں والوں نے اس کی خبر فوراً پولیس کو دی۔ خبر ملتے ہی پولیس فوراً موقعہ واردات پر پہنچی اور زخمی شخص کو بہتر علاج کے لیے صدر اسپتال بھیج دیا۔ وہیں لاش کو اپنے قبضے میں لے کر پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج دیا۔ اس کے تھوڑی دیر بعد ہی اس ٹریلر کو بھی ضبط کرلیا گیا۔ فی الحال پولیس آگے کی کارروائی میں مصروف ہے۔ خبر لکھے جانے تک مہلوکین کی شناخت نہیں ہو پائی ہے لیکن پولیس گاؤں والوں کی مدد سے اس کی پہچان کرنے میں لگی ہے۔

عیدالاضحیٰ پر خصوصی نگرانی کیلئے کیو آر ٹی کی تشکیل

ڈسٹرکٹ کنٹرول روم 17 جون کی صبح 6 بجے سے 18 جون کی صبح 6 بجے تک فعال رہے گا

دھنباد (ایس این بی)

اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ عیدالاضحیٰ کو پرامن، خوش دلی اور خوشی کے ساتھ منایا جائے، ضلع مجسٹریٹ کم ڈپٹی کمشنر محترمہ مادھوی مشرا، سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس مسٹر ہردیپ پی جناردنن اور ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ (لا اینڈ آرڈر) مسز مادھوی مشرا ہیما پرساد نے ایک مشترکہ حکم نامہ جاری کیا ہے۔

زونل مجسٹریٹس اور پولیس افسران تمام زونز میں موجود ہوں گے اور تمام تھانوں اور او پیز میں پولیس افسران کے ساتھ مجسٹریٹ بھی موجود ہوں گے۔ نیز، خصوصی نگرانی کے لیے کیو آر ٹی تشکیل دی گئی ہے۔ عیدالاضحیٰ کے موقع پر ضلع کو کتراس، دھنباد، چرکنڈا، توپ چانچی، جھریا، گووند پور اور ٹنڈی زون میں تقسیم کیا گیا ہے۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ کنٹرول روم 17 جون کی صبح 6 بجے سے 18 جون کی صبح 6 بجے تک فعال رہے گا۔ وہیں دھنباد، بنک موڑ، سرائی ڈھیلا، دھنسر، جھریا، جوراپوکھر، سداماڈیہ، پتھرڈیہ، تیسرا، سندری، بالیاپور، کینڈواڈیہ، پٹکی، لوی آباد، جوگتا، کترس، راج گنج، مہودا، مدھوبن، بروڑہ، تیتیماری، باگھمارہ، توپھردہ، بارپچی، گووند پور، ٹنڈی، پوروی ٹنڈی، منیاڈیہ، نیرسا، چرکنڈا پولیس اسٹیشن اور بھولی او پی، گھنواڈیہ، بورراگڑھ، بھونرا، لوڈنا، الکھڈیہا، گوشالہ، منیڈیہ، بھگا بند، انگارپتھرا، کپوریہ، رام کنالی، گونڈوڈیہ، مشرقی، دھرم بند، مجسٹریٹ کالو تھن، کمار دھوبی، میتھن، گلفر باری، کھرکھری، بھٹڈیہ اور پنچیٹ او پی میں پولیس اہلکاروں کے ساتھ موجود ہوں گے۔ مشترکہ حکم نامے میں سب ڈویژنل افسران، تمام سب ڈویژنل پولیس افسران، سائبر پولیس اسٹیشنز کو سوشل میڈیا اور مختلف قسم کے واٹس ایپ گروپس وغیرہ پر مسلسل نظر رکھنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ صفائی ستھرائی اور بجلی اور پینے کے پانی کی بلاتعطل فراہمی کا حکم ہے۔

شدید گرمی سے پریشان لنگور بھی پریشان

دھنباد (ایس این بی) شدید گرمی سے عام آدمی پریشان ہے۔ ساتھ ہی بے آواز جانور بھی شدید پریشانی کا شکار ہیں۔ افوہ، کیا دھوپ ہے اس وقت درجہ حرارت 42 ڈگری سے اوپر ہے۔ ایسے میں عام انسانوں کے ساتھ ساتھ جنگلی جانور بھی زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت سے پریشان ہیں۔ گرمی سے راحت حاصل کرنے کے لیے لنگوروں کا ایک گروپ ٹنڈی تھانے کے احاطے میں درختوں کے اوپر کی بجائے درختوں کے نیچے سائے میں آرام کررہا ہے۔

جھارکھنڈ میں شدت کی گرمی کا قہر جاری

20 اضلاع میں درجہ حرارت 40 ڈگری سیلسیس، 24 گھنٹے میں لو سے 8 لوگوں کی موت

رانچی (ایس این بی)

جھارکھنڈ میں گرمی کی تپش رکنے کا نام نہیں لے رہا ہے۔ پورا ریاست شدید گرمی اور لو کی زد میں ہے ہفتہ کو بھی جھارکھنڈ کے 20 اضلاع میں درجہ حرارت 40 ڈگری سیلسیس سے اوپر رہا۔ موسم محکمہ کے مطابق پلاموں، گڑھوا اور آس پاس میں اگلے 24 گھنٹے کے دوران بھی ہیٹ ویو کا اورینج الرٹ اور ریاستگ میں بقیہ حصوں میں ہیٹ ویو کا یلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ اطلاع کے مطابق پلاموں کا درجہ حرارت 45.2 ڈگری سیلسیس رہا۔ رانچی کا درجہ حرارت 40 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔ جبکہ سنتھال پرگنہ کے اضلاع سمیت ریاست کے کچھ حصوں میں موسم میں تبدیلی کی امید ہے۔ رانچی کا کم سے کم درجہ حرارت 27.5 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا زیادہ سے زیادہ عام سے پانچ ڈگری اور کم سے کم 3 ڈگری زیادہ ہونے سے رانچی میں رات میں گرمی کم ہونے کا نام نہیں لے رہا ہے۔ ادھر گرمی شدید ہونے کی وجہ سے ریاست میں موت کا سلسلہ جاری ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران لو سے ریاست میں آٹھ لوگوں کی موت ہوگئی۔ ان میں گڑھوا کے بشن پورا میں ایک، ہزاری کے چوپارن میں ایک، گملا میں ایک، پلاموں کے ریہلا میں ایک ریٹائرڈ امین، لوہردگا میں ایک، رام گڑھ میں دو اور گھاٹ شیلا میں ایک شخص کی موت ہوگئی۔

بجلی۔ پانی نہیں ملنے پر راج محل کے عوام کا مظاہرہ

راج محل (ایس این بی)

راج محل کول منصوبہ سے متاثر گاؤں لوہنڈیا بازار کے لوگوں نے بجلی۔ پانی کی مانگ کو لے کر صبح 10 بجے سے شام 5 بجے تک کوئلہ نکالنے کے کام کو ٹھپ کردیا۔ گاؤں والوں نے منصوبہ کے کانکنی علاقہ میں داخلہ ہوکر زوردار مظاہرہ کرتے ہوئے کانکنی علاقہ میں لگی ہوئی سبھی گاڑیوں کو بند کردیا۔ گاؤں والوں ننے بتایا کہ گاؤں میں کئی دنوں سے بجلی نہیں رہنے کی وجہ سے گاؤں والے کافی پریشان ہورہے ہیں۔ پینے کا بھی پانی نصیب نہیں ہورہا ہے۔ وہیں انتظامیہ گاؤں کے اردگرد کی ساری زمین سے کوئلہ نکال رہی ہے۔ اور گاؤں والوں ہیوی بلاسٹنگ کا درد جھیل رہے یں۔ گاؤں والوں کے گھر میں دراریں پڑ چکی ہیں۔ چھت کا ملبہ گر رہا ہے۔ گاؤں میں بجلی نہیں رہنے سے گاؤں والوں کو ہیٹ ویو میں رہنا مشکل ہوگیا ہے۔ لیکن انتظامیہ کی من مانی کی ساری حدیں پار کرگئیں ہیں۔ ضابطہ کے مطابق متاثرہ علاقہ کے 10 کلومیٹر کے علاقہ میں انتظامیہ کو بنیادی سہولتیں دستیاب کرانا ہے۔ جبکہ اس گاؤں کے آس پاس کے سبھی گاؤں میں انتظامیہ کی جانب سے ملتی ہے لیکن اس گاؤں کے لوگوں کے ساتھ سوتیلا سلوک کررہی ہے۔ کانکنی حلقہ بند ہونے کی فہرست منصوبہ کے پروجیکٹ افسر ستیش مراری گاؤں والوں سے بات چیت کے لیے پہنچے۔ انہوں نے گاؤں والوں کو یقین دلایا کہ انتظامیہ کے ذریعہ گاؤں میں جتنے بھی بورویل ہیں اس میں انتظامیہ بجلی دستیاب کراکر بورویل کو چالو کرے گی تاکہ گاؤں والوں کو پینے کا پانی کی پریشانی نہ ہو۔ انتظامیہ کی یقین دہانی کے بعد گاؤں والوں نے کانکنی کام کو صحیح طریقے سے چالو کردیا۔ گاؤں والوں نے کہا کہ اگر انتظامیہ بورویل کو جلد شروع نہیں کرتی ہے تو گاؤں کے لوگ پر سے تحریک شروع کردیں گے۔ اس موقع پر مکھیا انیتا مرمو، پنچایت سمیتی ممبر وویک بھگت، سابق ضلع پریشد ممبر رام جی ساہ، ارون کمار ہیمبرم، سجیت ساہ وغیرہ موجود تھے۔

سڑک حادثہ میں نوجوان ہلاک

دھنباد/ کتراس (ایس این بی)

ایسٹ بسوریا او پی علاقے کے کرامارا میں بغیر نمبر پلیٹ کے ایک ہائیوا نے بنٹی وشوکرما کو ٹکر ماردی جس کی وجہ سے وہ شدید طور پر زخمی ہوگیا کچھ لوگوں نے اسے اشرفی اسپتال بھیجا جہاں ڈاکٹروں نے اسے درگاپور لے جانے کی صلاح دی۔ لیکن راستے میں اس کی موت ہوگئی۔۔ وہ ایچ ڈی بی بینک کی کتس برانچ میں کام کرتا تھا، جو کہ پھاٹک سریندر نگر، دھنباد کا رہنے والا تھا۔ اس کی شادی 2022 میں ہوئی تھی۔ دو ماہ قبل اس کے گھر میں ایک بچی کی ولادت ہوئی تھی۔ اس کی موت کی خبر جیسے ہی گھر والوں کو ملی کہرام مچ گیا۔ چاروں تک سے چیخ وپکار مچ گئی۔ پولیس نے لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے دھنباد پی ایم سی ایچ بھیج دیا ہے۔

پریرنا مہیلا سمیتی کی جانب سے لوگوں میں ستو اور سوتی تولیہ تقسیم

دھنباد رباگھمارہ (قمر العارفین ایس این بی)

چلچلاتی گرمی کے پیش نظر بی سی سی ایل بروڑہ زون کی پریرنا مہیلا سمیتی کی طرف سے کے سی کے لنک ریلوے سائڈنگ پر کام کرنے والے کارکنوں کو ساتو اور سوتی تولیے فراہم کیے گئے۔ پریرنا مہیلا سمیتی کی صدر چنچل کشور نے کہا کہ شدید گرمی کے پیش نظر کے کے سی لنک ریلوے سائڈنگ میں کام کرنے والے ڈرائیوروں، آپریٹروں اور ہیلپروں کو ستو اور سوتی تولیے فراہم کیے جارہے ہیں اس کے ساتھ ہی، وہ سلائی، کڑھائی کے تربیتی کیمپ، بیوٹیشن ٹریننگ وغیرہ جیسے کورسز کا انعقاد کرکے غریب دیہی خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے کام کررہی ہے۔ پریرنا مہیلا سمیتی کی صدر چنچلا کشور، مریگاوتی راجپوت، ممتا سنہا، کماری رشمی، انیتا بھارتی، اے جی ایم جی کے مہتا، سیلز منیجر پرمیندر کمار، پرسنل ایڈمنسٹریشن ایچ کے ہینا، اے ایم پی کولیری منیجر یشونت سنگھ راجپوت، کرشنا رنجن پی ٹی آر اس تقریب میں موجود تھے۔ اور بہت سے دوسرے موجود تھے۔

کویت میں آتشزدگی کے شکار نوجوان کی لاش گھر پہنچتے ہی چیخ وپکار سے ماحول غمگین

رانچی (ایس این بی)

رانچی کے علی حسین کی کویت کی کثیر منزلہ عمارت میں جل کر موت ہوگئی تھی۔ ان کی لاش آج رانچی پہنچی۔ ان کے بھائی کے پہنچنے کے بعد ڈورنڈا قبرستان میں آخری رسوم ادا کی جائے گی۔ رانچی کے ہندپیڑھی نظام نگر مکہ مسجد کے قریب رہنے والے علی حسین (25) کی لاش ہفتہ کو رانچی پہنچ گئی۔ صبح 9:20 بجے انڈیگو کے طیارہ سے علی حسین کی لاش رانچی پہنچی۔ جیسے ہی لاش کو باہر لایا گیا اس کے والد اور دیگر رشتہ داروں کی آنکھیں نم ہوگئیں۔ علی حسین کے رشتہ دار پہلے سے ایئرپورٹ پر اس کی لاش کے آنے کا انتظار کررہے تھے۔ علی کے رشتہ داروں نے بتایا کہ ان کے بھائی عادل حسین بھی مکہ سے لوٹ آئے ہیں۔ وہ ابھی دہلی میں ہیں۔ انڈیگو کی اگلی فلائٹ سے وہ بھی رانچی پہنچنے والے ہیں۔ ان کے آنے کے بعد علی کو ڈورنڈا قبرستان میں تدفین کی جائے گی۔ رانچی کے ڈپٹی کمشنر راہل سنہا نے ایئرپورٹ پر جاکر علی کے رشتہ داروں کو پانچ لاکھ کا چیک سونپا۔ علی حسین کی لاش جمعہ 14 جون کو ہی نئی دہلی سے رانچی لایا جانا تھا۔ لیکن کوچی سے دہلی آنے میں تاخیر کی وجہ سے باڈی کو رانچی نہیں لایا جاسکا۔ جمعہ کو ہی فوجیوں کے خصوصی طیارہ سے کویت سے 45 ہندوستانیوں کی لاش کوچی پہنچی تھے۔ یہاں سے لاشش کو نئی دہلی لایا گیا اور وہاں سے سبھی لاشوں کو ان کے گھر بھیج دیا گیا۔ لاش کو پریوار کو سونپ دیا گیا ہے۔ ریاستی حکومت کی طرف سے متاثرہ کنبہ کو پانچ لاکھ روپے کی امداد کی گئی۔

جھارکھنڈ کی وزارت میں توسیع جلد

کلپنا کو بھی مل سکتی ہے ذمہ داری

رانچی (ایس این بی)

مختلف محکموں میں فلاحی ترقی سے جڑے منصوبوں کی جائزہ لینے کے بعد وزیراعلی چمپئی سورین نے پروجیکٹ بھون احاطے میں صحافیوں سے بات کی۔ اس دوران انہوں نے وزارت کی توسیع کو لے کر پوچھے گئے سوال کے جواب میں کہا کہ جلد کیا جائے گا۔ واضح ہو کہ سابق وزیر عالم گیر عالم کے جیل میں بند ہونے کی وجہ سے کانگریس کوٹے سے ایک وزیر بننا ہے۔

میٹنگ کے بعد وزیراعلی چمپئی سورین مورہابادی رانچی کی رہائش میں جھارکھنڈ کانگریس انچارج غلام احمد میر نے ملاقات کی۔ اس موقع پر جھارکھنڈ کانگریس کے ریاستی صدر راجیش ٹھاکر موجود تھے۔ جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے ساتھ اتحاد کے حامی کانگریس کوٹے کے ایک خالی عہدہ پر نئے وزیر حلف لیں گے۔ ذرائع کے مطابق کانگریس کوٹے سے جام تاڑا ایم ایل اے عرفان انصاری کو وزیر بنایا جاسکتا ہے۔ کانگریس سطح سے وزیر کا نام طے ہونے کے بعد وزارت کی توسیع کی سمت میں بات آئے بڑھے گی۔ چمپئی کابینہ میں 12 ویں وزیر کا عہدہ بھی خالی ہے۔ گانڈے اسمبلی حلقہ ضمنی انتخاب جیتنے کے بعد کلپنا سورین کے نام کو لے کر کئی طرح کی چرچا ہے۔ پارٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ کلپنا سورین کی ذمہ داری پارٹی قیادت طے کرے گا۔ کلپنا کو اسمبلی حلقہ میں بولنے کا موقع ملے اسے لے کر مشورہ جاری ہے۔ جھارکھنڈ اسمبلی حلقہ رویندر ناتھ مہتو نے پارلیمانی انتخاب 2024 میں ممبر پارلیمنٹ منتخب چار ایم ایل اے کا استعفیٰ منظور کرلیا ہے۔ جانکاری کے مطابق جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے منوہر پور ایم ایل اے سابق وزیر جوبا مانجھی اور شکاری پاڑا سے ایم ایل اے نلین سورین نے اپنا استعفیٰ اسپیکر کو سونپ دیا ہے۔ دونوں جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے ایم ایل اے ہیں۔ ایک دن قبل بی جے پی کے باگھ مارا کے ایم ایل اے ڈھلو مہتو اور دس جون کو ہزارری باغ کے ایم ایل اے عہدہ سے منیش جیسوال نے استعفیٰ دے دیا تھا۔ ممبر پارلیمنٹ مہتو اور جیسوال بی جے پی کے ایم ایل اے تھے۔ اسمبلی میں اب پارٹی کی پوزیشن کو دیکھتے ہوئے کلپنا سورین کو شام کر کے جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے 22، بابولال مرانڈی کو ملاکر بی جے پی کے 24، پردیپ یادو کو ملاکر کانگریس کے 17، آجسو کے تین، آر جے ڈی کے ایک، کمیونسٹ پارٹی کے ایک، این سی پی کے ایک، آزاد دو اور نامزد ایک ممبر ہیں۔

تیز رفتار کار کی زد میں آکر اسکوٹی سوار کا پیر جسم سے الگ

1 عورت بھی شدید طور پر زخمی، ڈرائیور گرفتار

رانچی (ایس این بی)

جھارکھنڈ کے دھروا میں ایک دردناک حادثہ سامنے آیا ہے۔ دھروا تھانہ حلقہ کے سیکٹر 3 موڑ کے پاس تیز رفتار کار نے اسکوٹی سوار سمیت دو لوگوں کو اپنی زد میں لے لیا۔ اس واردات میں اسکوٹی سوار ایک شخص کا پیر اس کے جسم پر کٹ کر الگ ہوگیا۔ جبکہ پیدل راستہ پار کررہی ہے۔ عورت بھی شدید طور سے زخمی ہوگیا۔ اطلاع کے مطابق زخمی شخص وویک کمار سنگھ چٹیا کے کرشنا پوری روڈ نمبر ایک کا رہنے والا ہے اور عورت سوبھا سرکار سیکٹر 2 کی رہنے والیہے۔ دونوں زخمیوں کو اسپتال میں داخل کرایا گیا۔ جہاں دونوں کی حالت نازک بنی ہوئی ہے۔ وہیں پولیس نے کار کو ضبط کر کے اس کے ڈرائیور کو حراست میں لے لیا۔ ڈرائیور چٹیا کرشنا پوری روڈ نمبر چار کا رہنے والا ہے۔ بتایا گیا کہ بھاگنے کے دوران کار سوار نے راستہ پار کررہی عورت سوبھا کو ٹھوکر مارتے ہوئے اس کے سر سے چکا چڑھا دیا۔ آس پاس موجود لوگوں نے شور مچایا۔ جس کے بعد ڈرائیور بھاگنے لگا۔ حالانکہ لوگوں نے اسے پکڑ لیا اور جم کر دھنائی کرنے کے بعد پولیس کے حوالے کردیا۔ بتایا جارہا ہے کہ دوپہر اسکوٹی سوار ایک سائڈ سے دھروا گول چکر کی طرف جارہی تھی برسا چوک کی طرف سے تیز رفتار کار گول چکر کی طرف جارہا تھا سیکٹر تھری موڑ کے پاس جب اسکوٹی سوار کٹ میں مڑنے لگا۔ تب ہی تیز رفتار کار میں ٹھوکر ماردیا۔ لوگوں نے کہا کہ ایسا لگا جیسے بم پھٹا ہو۔ واردات میں اسکوٹی سوار کا ایک پیر کا نیچے کا حصہ اس کے جسم سے الگ ہوگیا۔ دھروا گول چکر سے برسا چوک کے درمیان کی دوری قریب ڈھائی کلومیٹر ہے۔ اچھی سڑک ہونے کی وجہ سے گاڑیوں کی رفتار تیز رہتی ہے۔ محکمہ نے سڑک تو اچھی بنا دیا مگر ڈرائیور اور عام لوگوں کی سیکورٹی کا کوئی دھیان نہیں رکھا گیا ہے۔ حالت یہ ہے کہ اس ڈھائی کلومیٹر کی سڑک پر نہ تو اسپیڈ کا سائنیج بورڈ لگایا گیا ہے اور نہ ہی اسپیڈ بریکر۔ یہاں تک کے ڈپارٹمنٹ کی طرف سے اس راستے میں گاڑیوں کی رفتار بھی متعین نہیں کی گئی ہے۔ اس کا فائدہ گاڑی ڈرائیور اٹھا رہے ہیں۔ اس راستہ میں ڈرائیور اپنی گاڑیوں کی اسپیڈ سو سے زیادہ رکھتے ہیں۔ اس کی وجہ سے اس راستہ میں حادثات ہوتے رہتے ہیں۔ تازہ مثال دوپہر ہوئی۔ واردات ہے۔ ڈرائیور 150 کلو میٹر کی رفتار سے کار چلا رہا تھا۔ اس راستے میں ہفتہ میں چار دن بازار لگتا ہے۔ زیادہ تر لوگ اپنی دو اور چار پہیا گاڑی بازار کرنے کے لیے سڑک کنارے ہی کھڑی کرتے ہیں۔ اس وجہ سے اس راستہ میں صبح سے شام تک لوگوں کی بھیڑ رہتی ہے۔ اس کے بعد میں اس راستہ میں اسپیڈ بریکر نہیں لگایا گیا ہے۔

نشی کانت دوبے پر مہوا موئیترا کی نازیبا تبصرہ

بابولال مرانڈی کا مہوا پر طنز، اس سے کردار کا پتہ چلتا ہے

رانچی (ایس این بی)

جھارکھنڈ کے گڈا سے بی جے پی ممبر پارلیمنٹ نشی کانت دوبے پر ٹی ایم سی لیڈر مہوا موئیترا کے ذریعہ کی گئی نازیبا تبصرہ کو لے کر سوشل میڈیا پر بی جے پی لیڈر بابولال مرانڈی اور مہوا موئیترا کے درمیان جنگ چھڑ گئی ہے۔ دراصل ترنمول کانگریس کی ممبر پارلیمنٹ مہوا موئیترا نے ایک انٹرویو میں ممبر پارلیمنٹ نشی کانت دوبے کے لیے نازیبا تبصرہ کیا ہے۔ ان کی اس تبصرہ کو جھارکھنڈ سے جوڑتے ہوئے بی جے پی لیڈر بابولال مرانڈی نے ردعمل ظاہر کیا تو مہوا موئیترا سوشل میڈیا پر ان سے بھی بھڑ گئیں۔ بابولال مرانڈی نے ویڈیو کو پوسٹ کرتے ہوئے لکھا کہ مہوا موئیترا نے سنئیر ممبر پارلیمنٹ کو لیے نازیبا بات کہی۔ ایسا اس لیے کیا گیا کیونکہ نشی کانت دوبے نے مہوا موئیترا کے خلاف پیسے اور گفٹ کے لین دین کے بدلے حساس اطلاعات پہنچانے کا انکشاف کیا تھا۔ بابولال نے آگے لکھا کہ وہ یہ نہیں سمجھ پار ہے ہیں کہ اس سنگین جرم کے لیے اب تک جیل کیوں نہیں بھیجا گیا۔ آگے اس جرم کے خلاف لڑائی جاری رہنے کی بات بھی بابولال نے کہی۔ انہوں نے یہ بھی لکھا کہ اس طرح کے بیان سے آپ کے کردار کا پتہ چلتا ہے۔ بابولال مرانڈی نشی کانت دوبے کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ ان کی وجہ سے ملک کے سامنے سچائی سامنے آئی۔ بابولال مرانڈی کے پوسٹ پر ہی ردعمل ظاہر کرتے ہوئے مہوا موئیترا نے آگے لکھا کہ فرضی ڈگری والے کو اس کی لڑائی لڑنے دیجئے۔ وہ آگے آپ کو بےعزت کرنے سے جڑا کیس کرنے کی نصیحت دے سکتے ہیں۔ مجھ سے الجھنے میں اپنا وقت برباد نہ کریں۔ اس بات پر سوچیں کہ آپ جھارکھنڈ میں پانچ آدیواسی ریزروسیٹیں کیوں ہار گئے۔

زخمی ایس ایس بی جوان کی علاج کے دوران موت

دمکا (ایس این بی)

شہر کے کھونٹاباندھ کے پاس دیر شام درخت کی سوکھی ڈالی گرنے سے زخمی ہوئے ایس ایس بی جوان کی موت علاج کے دوران جام تاڑا میں ہوگئی۔ مہلوک رمیش کمار (33) ایس ایس بی بٹالین وجے پور میں تعینات تھا۔ وہ ہماچل پردیش کے چمبا کا رہنے والا تھا۔ اطلاع کے مطابق وہ دیر شام کو کہیں جارہا تھا کہ کھونٹاباندھ کے پاس درخت کی خشک ڈالی گرنے سے وہ شدید طور پر زخمی ہوگیا تھا۔ مقامی لوگوں کی مدد سے زخمی کو پھولو جھانو میڈیکل کالج اسپتال میں بھرتی کرایا گیا جہاں ابتدائی علاج کے بعد زخمی کی حالت نازک دیکھتے ہوئے بہتر علاج کے لیے دھنباد ریفر کردیا گیا۔ لیکن اسپتال لے جانے کے دوران جام تاڑا کے پاس اس کی طبیعت بگڑ گئی اور راستے میں ہی اس کی موت ہوگئی۔ لاش کو پوسٹ مارٹم کرانے کے بعد ایمبولینس سے رانچی بھیج دیا گیا ہے۔